نماز کے بعد کے اذکار

01

نماز مکمل کرنے (سلام پھیرنے) کے بعد بلند آواز سے ایک مرتبہ کہنا

(صحیح بخاری: 842)

الله أكبر

الله اکبر

02

نماز کے بعد کے اذکار

حضرت ثوبان (رضی اللہ عنہ) سے روایت ہے کہ:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب اپنی نماز سے فارغ ہوتے تو تین دفعہ کہتے:

أَسْتَغْفِرُ اللهَ ، أَسْتَغْفِرُ اللهَ ، أَسْتَغْفِرُ اللهَ

(صحیح مسلم: ۱۳۳۴)

الله أكبر

03

نماز کے بعد کے اذکار

رسول اللہ ﷺ جب اپنی نماز سے فارغ ہوتے تو
تین دفعہ استغفار کرنے کے بعد کہتے:

اللَّهُمَّ أَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ، تَبَارَكْتَ ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ۔

(صحیح مسلم: 1334)

الله اکبر

04

نماز کے بعد کے اذکار

رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) نے حضرت معاذ بن جبل (رضی اللہ عنہ) کو نصیحت کی کہ ہر نماز کے بعد یہ دعا پڑھنا کبھی نہ چھوڑنا:

اَللّٰھُمَّ أَعِنِّی عَلٰی ذِکْرِکَ وَشُکْرِکَ وَحُسْنِ عِبَادَتِکَ۔

اے اللہ! اپنے ذکر، شکر اور اپنی بہترین عبادت کے سلسلہ میں میری مدد فرما۔

(ابوداؤد، 1522)

الله أكبر

05

نماز کے بعد کے اذکار

نبی کریم (صلی اللہ علیہ وسلم) ہر نماز کے بعد کہتے تھے:

لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ اللَّهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا أَعْطَيْتَ وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ.

تنہا اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، اس کا کوئی شریک نہیں، ملک اسی کا ہے اور تمام تعریف اسی کے لیے ہیں اور وہ ہر چیز پر قادر ہے! اے اللہ جو تو عطا کرے اسے کوئی روکنے والا نہیں اور جسے تو روکے اسے کوئی دینے والا نہیں اور کسی نصیبہ ور کا نصیبہ تیرے مقابلہ میں اسے نفع نہیں پہنچا سکے گا۔

(صحیح بخاری، 7292)

اللہ اکبر

06

نماز کے بعد کے اذکار

رسول اللہ ﷺ ہر نماز کے بعد بلند آواز سے یہ کلمات کہا کرتے تھے:

لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ
الْحَمْدُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ
إِلَّا بِاللّٰهِ، لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَلَا نَعْبُدُ إِلَّا إِيَّاهُ، لَهُ النِّعْمَةُ
وَلَهُ الْفَضْلُ، وَلَهُ الثَّنَاءُ الْحَسَنُ، لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ
مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ وَلَوْ كَرِهَ الْكَافِرُونَ۔

(صحیح مسلم، 1343)

اللہ اکبر

07

نماز کے بعد کے اذکار

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"جس نے ہر نماز کے یہ کہا اس کے گناہ معاف کر دیے جائیں گے، چاہے وہ سمندر کے جھاگ کے برابر ہوں۔

ہر ایک کو 33 مرتبہ پڑھنا

اللہ اکبر سبحان اللہ الحمد للہ

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ.

ایک مرتبہ

(صحیح مسلم، 1352)

الله اکبر

08

نماز کے بعد کے اذکار

حضرت عقبہ بن عامر (رضی اللہ عنہ) بیان کرتے ہیں کہ:

رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے مجھے حکم فرمایا کہ میں ہر (فرض) نماز کے بعد معوذات کی تلاوت کیا کروں۔

(سورۃ اخلاص، الفلق اور الناس)

(مسند احمد: 8875، ترمذی: 2903، مشکوۃ: 969)

الله أكبر

09

نماز کے بعد کے اذکار

جو شخص ہر نماز کے بعد آیۃ الکرسی پڑھے، اسے جنت میں داخل ہونے سے موت کے سوا کوئی چیز نہیں روکے گی۔

اللہ لا الٰہ الا ھو الحی القیوم لا تاخذہ سنۃ ولا نوم لہ ما فی السموات وما
فی الارض من ذا الذی یشفع عندہ الا باذنہ یعلم ما بین ایدیھم وما
خلفھم ولا یحیطون بشیء من علمہ الا بما شاء وسع کرسیہ السموات
والارض ولا یؤدہ حفظھما وھو العلی العظیم

(سنن الکبریٰ للنسائی، 9928، سورۃ البقرۃ: 255)

الله أكبر

10

نماز کے بعد کے اذکار

نبی اکرم (صلی اللہ علیہ وسلم) جب نمازِ فجر میں سلام پھیرتے تو یہ دعا پڑھتے:

اَللّٰھُمَّ إِنِّی أَسْأَلُکَ عِلْمًا نَافِعًا، وَرِزْقًا طَیِّبًا، وَعَمَلًا مُتَقَبَّلًا.

اے اللہ! میں تجھ سے نفع بخش علم، پاکیزہ روزی اور مقبول عمل کا سوال کرتا ہوں۔

(ابنِ ماجہ: 925)

اللہ اکبر

11

نماز کے بعد کے اذکار

کریم (صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم) نے فرمایا:

جس شخص نے مغرب اور صبح کی نماز سے فارغ ہونے کے بعد (اپنی جائے نماز سے) پھرنے اور ٹانگ موڑنے سے پہلے 10 مرتبہ یہ دعا پڑھی ایسے شخص کے لیے ہر دفعہ یہ کہنے کے عوض دس نیکیاں لکھی جائیں گی، دس برائیاں مٹادی جائیں گی اور اس کے دس درجے بلند کر دیئے جائیں گے اور یہ کلمات اس کے لیے ہر ناپسندیدہ چیز سے بچاؤ اور مردود شیطان سے بچاؤ ہوں گے اور شرک کے علاوہ کسی گناہ کے لیے حلال نہیں ہوگا کہ وہ ایسے آدمی کو ہلاک کر سکے اور ایسا آدمی عمل کے لحاظ سے سب لوگوں میں افضل ترین ہوگا، سوائے اس آدمی کے، جو اس سے زیادہ فضیلت رکھتا ہے، یعنی اس سے زیادہ یہ ذکر کرتا ہے:

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، بِيَدِهِ الْخَيْرُ يُحْيِي وَيُمِيْتُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْئٍ قَدِيْرٌ۔

(مسند احمد: 1878)

الله أكبر

12

نماز کے بعد کے اذکار

رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) جب وتر (کی نماز) سے فارغ ہوتے تو تین مرتبہ یہ کہتے تیسری مرتبہ (یہ کہتے ہوئے) آواز بلند کرتے:

"سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ"

پھر اسکے ساتھ یہ بھی (ایک مرتبہ) پڑھتے:

رَبُّ الْمَلَائِكَةِ وَالرُّوْحِ

«مسندِ احمد: 2220، سنن الدارقطنی: 1644»

الله أكبر

ہر نماز کے بعد یہ دعا پڑھیں

رَبِّ قِنِی عَذَابَكَ يَوْمَ تَبْعَثُ أَوْ تَجْمَعُ عِبَادَكَ

اے رب! بچا مجھے اپنے عذاب سے جس
دن اٹھائے تو یا جمع کرے تو اپنے بندوں کو۔

(صحیح المسلم- 1642)

قرآن وسُنّہ مُوومنٹ
سٹی قصور

"کسی بھی مفید مشورے یا مزید رہنمائی و معلومات کے لئے ہمارے واٹس ایپ نمبر پر رابطہ کیجئے:"

00923404036528